# BLUE PRINT

## FOR THE MODEL QUESTION PAPER - 3, 2024-25

SUBJECT: URDU (08) CLASS: PUC-II

| Question type | Number of questions | Marks |
|---|---|---|
| **MCQ ( 1.MARKS)** | **26** | **26** |
| **SA ( 2.MARKS)** | **25** | **50** |
| **LA ( 4.MARKS)** | **11** | **44** |
| | | |
| **Total** | **62** | **120** |

| Chapter/ Content domain/ Unit/ Theme | No. of periods | Marks | Remember | | | Understand | | | Apply | | | HOTS | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | MCQ 1.MARKS | SA 2.MARKS | LA 4.MARKS | MCQ 1.MARKS | SA 2.MARKS | LA 4.MARKS | MCQ | SA | LA | MCQ 1.MARKS | SA 2.MARKS | LA 4.MARKS |
| ٹیپو کی مذہبی رواداری | **05** | **5** | 1 | | | | | 1 | | | | | | |
| بوڑھی کاکی | **05** | **5** | 1 | 1 | | | 1 | | | | | | | |
| وقت | **04** | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| منٹو | **05** | **5** | 1 | 1 | | | 1 | | | | | | | |
| سماجی میڈیا | **03** | **3** | | | | | 1 | | | | | 1 | | |
| زیور کا چکر | **03** | **3** | 1 | 1 | | | | | | | | | | |

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شمس الرحمٰن فاروقی سے ایک ملاقات | **05** | **5** | 1 | | | | | 1 | | | | | | |
| کرسی | **05** | **5** | 1 | | | | | | | | | | | 1 |
| ادب کیا ہے | **03** | **3** | | | | | 1 | | | | | 1 | | |
| خدا حافظ | **05** | **5** | 1 | 1 | | | 1 | | | | | | | |
| مکتوبات | **03** | **3** | | | | | 1 | | | | | 1 | | |
| سورۂ فاتحہ | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| اے خدا | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| عورت | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| مثنوی گلزارِ نسیم | **04** | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| نوجوان سے | **02** | **2** | | | | | | | | 1 | | | | |
| اے شریف انسانو | **04** | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| امن نامہ | **04** | **2** | | | | | | | | 1 | | | | |
| ترانۂ کرناٹک | **04** | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| مرثیہ | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| کیا دن تھے | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| جمالِ ہم نشیں | **02** | **2** | | | | | 1 | | | | | | | |
| غزلیات | **10** | **10** | | | | | 5 | | | | | | | |
| قطعات: عدم، شاد، عزیز بیلگامی | **08** | **8** | | | | | | | | | | | | 2 |
| محاورات (جملوں میں استعمال) | **06** | **6** | | | | | | | | | | 6 | | |

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضرب الامثال | **05** | **5** | | | | 5 | | | | | | | | |
| کہاوتیں | **05** | **5** | | | | 5 | | | | | | | | |
| بلاغت | **02** | **4** | | 2 | | | | | | | | | | |
| مکتوب نگاری | 04 | **4** | | | | | | | | | | | | 1 |
| ترجمہ | 04 | **4** | | | | | | 1 | | | | | | |
| TOTAL= | **120** | **120** | **7** | **12** | | **10** | **34** | **28** | | **4** | | **9** | | **16** |

# Govt. of Karnataka
## Karnataka School Examination and Assessment Board
## Model Question Paper - 3

| | |
|---|---|
| Class: II Year PUC | Academic Year: 2024-25 |
| Subject: URDU(08) | Maximum Marks: 80 |
| Time: 3:00 Hours | No. of Questions: 49 |

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف"
کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

## حصہ - "الف"

I. (الف) درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. ٹیپو کے معتمد خصوصی ہیں۔

A. سری نیواس راؤ اور اپاجی رام
B. شمیا آئینگار اور نرسنگھا راؤ
C. نایک راؤ اور نائک سنگانا
D. سبا راؤ اور پورنیا

2. منٹو کی زبان پر یہ لفظ چڑھا ہوا تھا۔

A. او گاڈ
B. ہائے اللہ
C. فراڈ
D. اولارڈ

3. عرب اسپرنگ کے دوران سوشیل میڈیا نے کیا کردار ادا کیا۔

A. جمہوریت کے خلاف مہم چلائی
B. مظالم اور استحصال کے خلاف آواز بلند کی
C. خبروں کی تدریج و ترویج کی
D. کاروباری اشتہارات میں اضافہ کیا

4. پرانے زمانے میں ادب کی زبان میں یہ خصوصیت تھی۔

A. زبان سادہ اور عام فہم تھی
B. زبان زیادہ جذباتی اور مترنم تھی
C. زبان صرف افسانوی اور خیالی تھی
D. زبان خالص علمی اور تکنیکی تھی

5. ابوالکلام آزاد کے خط میں محمود صاحب کے گوریاؤں اور میناؤں کے ساتھ تعامل کو بیان کرتے ہوئے آپ کیا سمجھتے ہیں کہ یہ کہانی کیا سکھاتی ہے۔

A. محبت اور تواضع کی قدریں
B. مختلف پرندوں کے رویے کی وضاحت
C. انسانی زندگی کی پیچیدگیاں و مسائل
D. حیوانات کی عادات کا مطالعہ

**(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** 5X1=5

(ایک، وہیل مچھلی، پھیکا، مگرمچھ، سو، ماشہ)

6. پانی میں رہ کر ___________ سے بیر۔
7. سوسنار کی ___________ لوہار کی۔
8. گھڑی میں تولہ گھڑی میں ___________
9. ایک انار ___________ بیمار۔
10. اونچی دکان ___________ پکوان۔

**(ج) "الف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیئے۔** 5X1=5

| الف | | ب | |
|---|---|---|---|
| 11. | اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ | i. | کوئی شئے مطلوبہ مقدار سے کم دستیاب ہو |
| 12. | ہمتِ مرداں مددِ خدا | ii. | دولت اور عزت جاتی رہی مگر غرور میں کمی نہیں آئی |
| 13. | اونٹ کے منہ میں زیرہ | iii. | کام میں کوشش شرط ہے، اللہ ضرور مدد کرتا ہے |
| 14. | زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے | iv. | تحریر کے ہنر میں ترقی کی دعا |
| 15. | رسی جل گئی پر بل نہیں گیا | v. | زمین نے عظیم شخصیتوں کو نگل لیا ہے |

**(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** 5X1=5

16. لاڈلی نے اپنے حصے کی پوریاں کہاں چھپا رکھی تھیں؟
17. مضمون نگار نے ترکی کے کس مشہور ظریف کا ذکر کیا ہے؟
18. فاروقی صاحب کے مطابق اردو ادب کی کونسی صنف زیادہ ترقی یافتہ ہے؟
19. وہ کونسا کھیل ہے جس میں کرسیاں کم اور بیٹھنے والے زیادہ ہوتے ہیں؟
20. سفر کے سامان کی تعداد کل کتنی ہوئی؟

## حصہ۔ "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. روپا نے رقت آمیز لہجے میں کاکی سے کیا کہا؟

22. احمد شاہ بخاری نے منٹو سے کیا کہا اور منٹو نے کیا جواب دیا؟

23. سوشیل میڈیا کو جمہوریت کا پانچواں ستون کیوں کہا گیا ہے؟

24. ادب کس طرح کی تحریر کو کہتے ہیں؟

25. دولت کے چھینکنے پر میر صاحب نے کیا کہا؟

26. غالب نے کن کن غموں کا ذکر کیا ہے؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

27. شاعر اللہ سے کن کے راستے پر چلانے کی دعا مانگ رہا ہے؟

28. اسلام کے چمکتے ہوئے تارے کا نکلنا کب ممکن ہے؟

29. عورت کس کی شان اور جان ہے؟

30. حضرت زینبؓ نے حضرت حسینؓ کی شہادت پر کس طرح ماتم کیا؟

31. بچپن میں نیند کب آتی تھی اور آنکھیں کب کھلتی تھیں؟

32. شری بسویشور کے مطابق کوڈلا سنگما کس سے شاد رہتے ہیں؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. "ترے خرام میں ہے زلزلوں کا راز نہاں" کا کیا مطلب ہے؟

34. شاعر نے کن مقامات اور علامتوں کے ذریعہ ہندوستان سے محبت کا اظہار کیا ہے؟ واضح کیجیے۔

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. مضمون نگار نے کن مثالوں کے ذریعہ ثابت کیا ہے کہ ٹیپو نے ہندوئوں کو پوجا پاٹ کی مکمل آزادی دی تھی؟

36. فراغت کے میسر وقت کو غنیمت جان کر انسان کو کیا کرنے کی تلقین کی گئی ہے؟

37. فاروقی صاحب نے اپنی قلمی ریاضت کی ابتدا سے متعلق کیا بتایا ہے؟

38. کرسی کی مختلف انواع و اقسام کی سماجی حیثیت پر تبصرہ کیجیے۔

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "کاکی اٹھو۔ میں پوریاں لائی ہوں۔"

40. "معاوضہ میں اس لیے لیتا تھا کہ مجھے پیسوں کی ضرورت رہتی تھی۔"

41. "ورنہ چور مجھے بھی چرا کر لے جاتے۔"

42. "اے تو لاؤ کو امام ضامن باندھ دوں اور ذرا ساداہی چکھ لو۔"

## حصہ - "ج"

**IV**. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم ii. اے شریف انسانو iii. ترانۂ کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. سب کام اپس کے سونپ کے حق کوں، نچنت ہو
یہ ہے تمام مقصدِ گفت و شنید یہاں

ii. یہی وضع ہے تو مجھے کھویئے گا
پڑے پھریئے گا ہاتھ رکھے کمر پر

iii. قدم آہستہ اے امید رکھنا خانۂ دل میں
کہ میری آرزو آغوشِ محرومی میں سوتی ہے

iv. طبعیت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں
ہم ایسے میں تری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

v. مرکزِ دیدہ و دل تیرا تصور تھا کبھی
آج اس بات پہ کتنی ہنسی آتی ہے ہمیں

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. کس آسانی سے وہ ٹوٹے ہوئے دل جوڑ دیتا ہے
خوشی سے بولنا جس شخص کا معمول ہو جائے
عدمؔ ہر مسلۂ دل کا سلجھ سکتا ہے خوبی سے
خرد انسان کی تھوڑی سی گر معقول ہو جائے

ii. اب میر کارواں سے وہ سوزِ دروں ملے
بھٹکے ہوؤں کو جادۂ امن و سکوں ملے
بیدار قافلہ ہے ، مگر تازہ دم نہیں
ان منتشر صفوں کو کبھی تازہ خوں ملے

## حصہ "د"

**V**. 46. ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. آگ بگولہ ہونا ii. دبے پاؤں نکلنا iii. پیچ و تاب کھانا

iv. چشم براہ ہونا v. جادو سر چڑھ کر بولنا vi. نو دو گیارہ ہونا

47. ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔ 1X2=2

i. تجاہلِ عارفانہ ii. صنعتِ تکرار

48. اپنے وارڈ کاؤنسلر کی خدمت میں ایک درخواست لکھیے جس میں آپ محلے کا ایک ذمہ دار فرد ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے کالونی میں پانی کی قلت کو دور کرنے کے لیے بورویل ڈالنے کی طرف توجہ مبذول کرائیں 4

49. ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. اردو ہماری مادری زبان ہے۔

ii. کام عبادت ہے۔

iii. روزانہ ایک سیب ڈاکٹر سے دور رکھتا ہے۔

iv. زندگی خوشیوں اور غموں سے بھری ہوئی ہے۔